سرخیاں

(۱) مرکزی وزیر و ریاستی بی جے پی صدر کشن ریڈی نے کہا کہ نریندر مودی کی قیادت میں ملک میں تبدیلی پر مبنی اثرات مرتب ہوئے ہیں۔

(۲) دہلی روز ایونیو عدالت نے آج بی آر ایس کی ایم ایل سی کویتا کو عبوری ضمانت دینے سے انکار کر دیا۔

(۳) سابق وزیر ہریش راؤ نے وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی سے مطالبہ کیا ہے کہ رواں سیزن میں ریاست بھر میں پیدا کردہ تمام سن فلاور اقل ترین امدادی قیمت یعنی 6 ہزار 760 روپے فی کنٹل کے حساب سے خریدا جائے۔

اور

(۴) پنجہ گٹہ پولیس نے کار ایکسیڈنٹ کے ملزم راحیل کو جو سابق ایم ایل اے عامر شکیل کے لڑکے ہیں، آج شمس آباد ایرپورٹ پر گرفتار کر لیا۔

☆☆☆

دہلی روز ایونیو عدالت نے دہلی شراب پالیسی سے متعلق رقمی بدعنوانی کیس کے تحت آج بی آر ایس کی ایم ایل سی کویتا کو عبوری ضمانت سے انکار کر دیا۔ خصوصی جج کاویری باویجا نے ضمانت سے متعلق اپیل کو خارج کرتے ہوئے کہا کہ یہ کویتا کو عبوری ضمانت پر رہا کرنے کا صحیح وقت نہیں ہے۔ کویتا یہ کہتے ہوئے عبوری ضمانت کے لئے عدالت سے رجوع ہوئی تھیں کہ ان کے 16 سالہ لڑکے کے امتحانات ہیں لہٰذا اسے اپنی ماں کی جانب سے حمایت درکار ہے۔ ای ڈی نے اِس معاملہ میں پیش کردہ اپیل کی مخالفت کرتے ہوئے دعویٰ کیا کہ کویتا نے ثبوتوں کو تباہ کر دیا ہے اور گواہوں پر اثر انداز ہوئی ہیں۔ ایجنسی نے یہ الزام بھی عائد کیا کہ کویتا ''ساؤتھ گروپ'' کی ایک اہم ممبر ہیں، جس پر الزام ہے کہ اس نے قومی دارالحکومت میں شراب کے لائسنس کے معاملہ میں حکمراں عام آدمی پارٹی کو 100 کروڑ روپے ادا کئے تھے۔ 46 سالہ کویتا کو 15 مارچ کو حیدرآباد میں بنجارہ ہلز حیدرآباد میں واقع ان کی رہائش گاہ سے گرفتار کیا گیا تھا اور 14 دن کے لئے عدالتی تحویل میں دے دیا گیا تھا۔

☆☆☆

حیدرآباد سے تعلق رکھنے والی کمپنی بلو کلاؤڈ سافٹیک سلیوشنس لمیٹڈ کو سنٹرل انڈسٹرئیل سیکوریٹی فورس (سی آئی ایس ایف) کی ڈپٹی انسپکٹر جنرل شیاملا نے تہنیت پیش کی۔ حیدرآباد کے راجیو گاندھی انٹرنیشنل ایرپورٹ میں حفاظتی اقدامات کے لئے درکار سیکوریٹی آلا و دیگر اشیاء کی فراہمی میں اہم رول ادا کرنے پر مذکورہ کمپنی کو تہنیت پیش کی گئی۔ کمپنی کی ای ڈی جانکی ایرلا گڈہ نے کہا کہ سی آئی ایس ایف اور بلو کلاؤڈ کے درمیان رفاقت سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ دونوں ادارہ ملک کے مفاد میں کس قدر کام کرتے ہیں۔

☆☆☆

پنجہ گٹہ پولیس نے سابق ایم ایل اے عامر شکیل کے لڑکے راحیل کو آج راجیو گاندھی ایرپورٹ شمس آباد پر گرفتار کر لیا۔ راحیل، دسمبر 2023ء میں سوماجی گوڑہ میں واقع پرجا بھون کے روبرو اپنی کار سے سڑک پر لگے بیریکیٹ کو ٹکر دینے کے بعد دبئی فرار ہوگئے تھے، پنجہ گٹہ پولیس نے ان کے خلاف ایک کیس درج کر لیا تھا۔ پولیس نے راحیل کے دبئی فرار ہوجانے کے بعد ان کی تلاش کے لئے ایک نوٹس جاری کی تھی۔ پولیس کافی دن سے راحیل کی تلاش میں تھی، جنہیں دبئی سے حیدرآباد لوٹنے کے بعد ایرپورٹ پر گرفتار کر لیا گیا۔ بعد ازاں انہیں پنجہ گٹہ پولیس اسٹیشن لے جایا گیا۔ پولیس نے اس کے علاوہ راحیل کے والد و سابق ایم ایل اے عامر شکیل، دو انسپکٹرس

اور دیگر کے خلاف بھی راحیل کو ملک سے فرار ہونے میں مدد دینے کے معاملہ میں کیس درج کرلیا ہے۔ دونوں انسپکٹرس اور چند دیگرا فراد کو پہلے ہی گرفتار کیا جاچکا ہے۔ جبکہ راحیل اور شکیل گرفتاری کے خوف سے دبئی میں تھے۔

☆☆☆

مرکزی وزیر وریاستی بی جے پی صدر کشن ریڈی نے کہا ہے کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں تبدیلیوں پر مبنی اثرات دیکھے گئے ہیں۔ ضلع رنگاریڈی میں آج حلقہ پارلیمنٹ چیوڑلہ سے تعلق رکھنے والے بوتھ سطح کے لیڈرس کے ایک پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے کشن ریڈی نے کہا کہ ایک دہائی قبل ملک دہشت گردی اور فرقہ وارانہ کشیدگی کا شکار تھا۔ تاہم نریندر مودی کی قیادت میں ملک میں تبدیلی آئی اور ترقی کی طرف پیشرف ہونے لگی۔ انہوں نے رائے دہندوں سے اپیل کی کہ قومی مفاد اور ملک کی ترقی کے حق میں اپنے ووٹ کا استعمال کریں۔ ریڈی کے مطابق مودی بطور وزیر اعظم تیسری مرتبہ عہدہ کا حلف لینے کے لئے تیار ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہندوستان دنیا بھر میں مختلف شعبوں میں خود مکفتی بنا ہے۔ کشن ریڈی نے اس موقع پر راہول گاندھی پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ وہ لُو جہاد جیسی پالیسیوں حمایت کررہے ہیں، جبکہ بی جے پی نے تین طلاق کو ختم کرتے ہوئے مسلم خواتین کی مدد کی ہے۔

☆☆☆

ضلع کاماریڈی میں واقع گاندھاری منڈل میں ایک قبائلی موضع گزشتہ ایک ہفتہ سے بقار کی لپیٹ میں ہے۔ اِس تانڈہ میں تقریباً 300 قبائلی رہتے ہیں، جن میں تقریباً بخار میں مبتلاء ہیں۔ اگرچہ اِس بات کو ڈسٹرکٹ میڈیکل آفیسرس کے علم میں لایا گیا ہے، تاہم اب تک کسی نے اِس تانڈہ کا دورہ نہیں کیا۔ مقامی افراد نے یہ شکایت کی ہے۔ قبائلیوں نے مطالبہ کیا ہے کہ ضلع انتظامیہ اِس سلسلہ میں فوری اقدامات کریں اور خصوصی میڈیکل کیمپ قائم کرتے ہوئے علاج کیا جائے۔

☆☆☆

نئی دہلی میں آج پریورتن چنتن کے نام سے ایک سہ رخی سرویس کانفرنس جاری ہے۔ جس کا مقصد نئے منصوبے پیش کرنا اور دیگر معاملات میں تجاویز پیش کرنے کے علاوہ اصلاحات لانا ہے۔ چیف آف ڈیفنس اسٹاف جنرل انیل چوہان اِس ایک روزہ طویل کانفرنس کی صدارت کررہے ہیں۔ تمام ٹرائی سرویس اداروں، محکمہ فوجی امور، ڈیفنس اسٹاف کے ہیڈکوارٹر اور تینوں فوجی خدمات کی یہ اپنی نوعیت کی پہلی کانفرنس ہے۔

☆☆☆

بی جے پی مقنّنہ پارٹی لیڈر و نرمل ایم ایل اے مہیشور ریڈی نے ریاست میں خشک سالی کی صورتحال اور کسانوں کی خودکشی کے لئے کانگریس حکومت کو مورد ِالزام ٹھہرایا ہے۔ آج ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے ریڈی نے کہا کہ ریاست کے کسان، حکومت کی لاپرواہی کے سبب متاثر ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت آبپاشی کے لئے پانی فراہم کے قابل نہیں ہے۔ کسان خودکشی کررہے ہیں، کیونکہ پانی کی کمی کے سبب ان کی زراعت سوکھ رہی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ کانگریس حکومت رعیّتو بندھو اسکیم کے تحت سات ہزار روپے جاری کرنے میں ناکام رہی۔ انہوں نے اِس بات پر بھی تنقید کی کہ کانگریس پارٹی نے اسمبلی انتخابات کے دوران دولاکھ روپے تک زرعی قرضہ جات معاف کرنے اور رعیّتو بندھو کے تحت کسانوں کو فی ایکر 15 ہزار روپے دینے کا وعدہ کیا تھا،

تاہم اس سلسلہ میں اب تک کوئی کارروائی نہیں کی گئی۔

☆☆☆

بی جے پی میدک لوک سبھا حلقہ کے امیدوار رگھونندن راؤ نے آج اپنے حریف بی آر ایس امیدوار وینکٹ رامی ریڈی کے خلاف چیف الیکٹورل آفیسر کے پاس ایک شکایت درج کراتے ہوئے ان پر الزام عائد کیا کہ انہوں نے کل شب سرکاری ملازمین کے ساتھ ایک خفیہ میٹنگ منعقد کی اور رقم تقسیم کی۔ اپنی شکایت میں رگھونندن نے سی ای او سے مطالبہ کیا کہ سدی پیٹ کلکٹر، کمشنر پولیس اور اسسٹنٹ ریٹرننگ آفیسر کے خلاف کارروائی کی جائے جنہوں نے اس سلسلہ میں شکایت درج کروانے پر کوئی قدم نہیں اٹھایا۔ انہوں نے یہ مطالبہ بھی کیا کہ مذکورہ میٹنگ میں شرکت کرنے والے عہدیداروں کے خلاف کارروائی کی جائے۔

☆☆☆

ریاست کے اضلاع کھمم، سوریہ پیٹ، محبوب نگر، ناگر کرنول، ونپرتی، نارائن پیٹ اور گدوال میں مختلف مقامات پر آئندہ چوبیس گھنٹوں کے دوران گرمی کی لہر برقرار رہنے کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کے مرکز نے آج اپنی یومیہ رپورٹ میں کہا کہ کل سے اس ماہ کی 13 تاریخ تک ریاست کے کئی اضلاع میں کہیں کہیں بونده باندی کے علاوہ بجلیاں چمکیں گی اور تیز ہوائیں چلنے کا قوی امکان ہے۔ ریاست کے چند ایک اضلاع میں گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران گرمی کی لہر برقرار رہی۔

☆☆☆

بی آر ایس ایم ایل اے و سابق وزیر ہریش راؤ نے وزیراعلیٰ ریونت ریڈی سے مطالبہ کیا ہے کہ رواں سیزن میں ریاست بھر میں پیدا کردہ تمام سن فلاور اقل ترین امدادی قیمت یعنی 6 ہزار 760 روپے فی کنٹل کے حساب سے خریدا جائے۔ جیسا کہ یہ منصوبہ بنایا گیا تھا کہ محض 22.5 فیصد اشیاء ہی خریدی جائیں گی۔ سی ایم کو روانہ کردہ ایک خط میں آج ہریش راؤ نے کہا کہ سن فلاور کو اس سیزن میں میدک اور نظام آباد اضلاع میں مجموعی طور پر تقریباً 20 ہزار 829 ایکر اراضی پر اگایا گیا جبکہ پیداوار کی مقدار تخمیناً ایک لاکھ 65 ہزار 800 کنٹل رہی۔ تاہم مرکز نے محض 37 ہزار 300 کنٹل ہی خریدنے سے اتفاق کیا ہے۔